ایڈیٹر کے قلم سے

تعارف و تبصرۂ کتب

تذکرۂ مجدد الف ثانی | ترتیب مولانا محمد منظور نعمانی الفرقان لکھنؤ، ناشر مکتبۂ سراجیہ موسیٰ زئی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان ۔ صفحات ۳۶۶ ، قیمت : ۲۲ روپے ۔

مغلیہ دور کا عہدِ اکبری اسلام اور حاملینِ اسلام کے لئے سخت آزمائش کا دور تھا، حکومتی سطح پر اسلام کو برِّ صغیر سے جلاوطن کرلنے کیلئے کونسی سازش اور جدوجہد تھی جو نہیں ہو رہی تھی ؟ ایسے وقت میں حق تعالیٰ نے سرمایۂ ملت کی نگہبانی اور تجدیدِ دین کا کام شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی کے سپرد کر دیا، شیخؒ نے کیسے حالات میں اور کس انداز سے تجدید و حفاظتِ دین کا بیڑا اٹھایا ؟ اور کس طرح وہ حالات کا رخ بدلنے میں کامیاب ہو گئے اس موضوع پر پیشِ نظر کتاب میں (جو ۱۳۵۷ھ میں شائع ہونے والے الفرقان لکھنؤ کے مجدد الف ثانی نمبر کی کتابی شکل ہے ۔) نہایت وقیع مواد پیش کیا گیا ہے ۔ حضرت مجددؒ کے تجدیدی کارنامے ذاتی حالات اور آپ کے مشہور خلفاء کا تذکرہ یہ سب چیزیں اسوقت بھی احیاء و غلبۂ دین کیلئے جدوجہد کرنے والے افراد اور جماعتوں کیلئے بہترین رہنما ثابت ہو سکتی ہیں اصل کتاب لکھنؤ میں شائع ہوتی رہی، اب مکتبۂ سراجیہ نے مؤلف ممدوح کی اجازت سے پہلی بار پاکستان میں شائع کیا ہے ۔

العلم والعلماء | اندلس کے مشہور محدث و امام علامہ حافظ ابن عبد اللہ اندلسیؒ (ف ۴۶۳ھ) کی شہرۂ آفاق کتاب " جامع بیان العلم وفضلہ " علم فضیلتِ علم اہلِ علم کی عظمت اور ذمہ داریوں پر عجیب مؤثر کتاب سمجھی جاتی ہے ، کچھ عرصہ قبل مولانا آزادؒ کے ایماء اور ندوۃ المصنفین دہلی کے اہتمام سے مشہور مصنف و مترجم مولانا عبد الرزاق ملیح آبادیؒ کے قلم سے اس کا سلیس ترجمہ شائع ہوا جسے ہاتھوں ہاتھ لیا گیا پیشِ نظر کتاب اسی ترجمہ کا پاکستانی ایڈیشن ہے ۔ جسے ادارۂ اسلامیات انارکلی لاہور نے نہایت عمدہ طباعت اور بہترین کاغذ و جلد کے ساتھ شائع کیا ہے ، کتاب کے آغاز میں مترجم کے قلم سے اسلام کا علم سے برتاؤ و تعلق پر ایک وقیع مقدمہ بھی ہے ۔ اور آخر میں امام شافعیؒ سے منسوب ان کا مشہور دلچسپ علمی سفر نامہ بھی شاملِ کتاب ہے ۔ مدارسِ عربیہ اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ کے علمی تحریض و ترغیب کے لئے کتاب نہایت مفید ہے ۔